لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵۲ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۵ ربیع الثانی ۱۳۴۰ھ مطابق ۲۶ دسمبر ۱۹۲۱ء | جلد ۳۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تقرر برکت اللہ خان صاحب بعہدہ جیلری	۱
۲	تقرر لفٹنٹ کرنل سعید اللہ خان صاحب ماسٹر آف سیریمونیز	۲
۳	تاکید بابت ترسیل برآورد و قبض الوصول بہ محکمہ سکریٹری	۲
۴	[illegible] رامپور	۲
۵	اضافہ لفٹنٹ کرنل سعید اللہ خان صاحب	۲
۶	نفاذ قانون [illegible] تحصیل سوار	۲
۷	رخصت و [illegible]	۲
۸	تکمیل ضمانت [illegible]	۲
۹	تفصیل حیات و وفات	ضمیمہ

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

تقرر

۱۵ دسمبر ۱۹۲۱ء

بملاحظہ عرضداشت صاحب ہوم سکریٹری بہادر، محمد عبد الرحمن خان جیلر زندان کا استعفا منظور فرمایا۔ اور محمد برکت اللہ خان جو ڈیڑھ سو روپیہ ماہوار مدمصاحبان سے پاتے ہیں، بتنخواہ موجودہ جیلر مقرر ہوئے۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۷ دسمبر سنہ ۱۹۲۱ء

بنظر مناسب

حکم ہوا کہ

لفٹنٹ کرنل سعید اللہ خان کو بعہدۂ ماسٹر آف سیرمنیز مقرر کیا جائے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۸ دسمبر سنہ ۱۹۲۱ء

بخشی گری مین برآورد تنخواہ مستحق الوصول ٹھیک وقت پر نہیں ہوسکتے ہیں اور جلدی ہو سکنے میں احتمال سہو اور غلطی ہو۔ آئندہ سے یہ انتظام لازمی طور پر رہنا چاہیے کہ برآورد ماہ رواں و قبض الوصول ماہ گذشتہ ہر مہینے کی بیس تاریخ تک بخشی گری میں پہونچ جایا کرے برآورد میں پندرہ تاریخ تک کے احکام کا عمل درآمد کیا جائے اُس کے بعد کے احکام کا برآورد ماہ آئندہ میں عمل ہوا کرے۔

حکم ہوا کہ

حسب صراحت صدر برائے تعمیل احکام جاری ہوں فقط

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۱۷ دسمبر سنہ ۱۹۲۱ء

حسب استدعائے صاحب سپرنٹنڈنٹ انشاد دس روپیہ ماہوار اضافہ محمد نبی خان علاقہ دار پلاسپور کی تنخواہ میں بوجہ حسن انجام خدمات منظور فرمایا گیا۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۱ دسمبر سنہ ۱۹۲۱ء

لفٹنٹ کرنل سعید اللہ خاں ماسٹر آف سیرمنیز مقرر ہوئے ہیں۔ اُن کی تنخواہ موجودہ دو سو پچاس روپیہ ماہوار میں پچاس روپیہ اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔ اب وہ تین سو روپیہ ماہوار تنخواہ پائیں گے۔ اس کے علاوہ الاؤنس سواری پچاس روپیہ ماہوار جو ان کو ملتا ہے وہ بدستور ملے گا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریوینیو سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۰ دسمبر سنہ ۱۹۲۱ء

حسب سفارش صاحب مہتمم بندوبست عبد الخالق گرداور قانون گوئے تحصیل سوار کی تنخواہ میں تین روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا گیا۔

رخصت

۱۰ دسمبر سنہ ۱۹۲۱ء

بلاحظہ رپورٹ مشعر طلب رخصت مزید تین ماہ جینی لال واصلباقی نویس تحصیل شاہ آباد بوجہ علالت من ابتدائے ۱۰ دسمبر سنہ ۱۹۲۱ء تا اختتام موجودہ بعوض لکھن لال برادرزادہ رخصت منظور کی گئی۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۱۵ دسمبر سنہ ۱۹۲۱ء

شیام لال ناظر خفیفہ معاملہ تغلب میں معطل ہو کر فوجداری سپرد ہوا تھا اور تا صدور حکم ثانی بجائے اُس کے عارضی کیا گیا تھا گیندن لال اہلمد خفیفہ کو حسب رپورٹ صاحب جج خفیفہ قائم مقام ناظر مقرر کیا گیا اور بجائے گیندن لال کے عبد العزیز خان محرر تہذیب محافظ خانہ دیوانی سے تبدیل ہوا اور بجائے محمد شاہ خان ایرمنشی محافظ خانہ دیوانی میں مامور ہوا۔ اب چونکہ شیام لال مذکور عدالت فوجداری سے سزایاب ہو گیا۔ لہذا شیام لال برخاست کیا گیا لیکن جائداد مکفولہ اُسکی حسب قاعدہ (۷۷) دستور العمل ناظران ضبط نہین کیجاتی ہے صاحب جج خفیفہ کی سفارش پر گیندن لال ناظر اور عبد العزیز خان اہلمد خفیفہ مستقل کئے جاتے ہین اور محمد شاہ خان کے کام کی کوئی شکایت نہین آئی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ بھی اپنا کام ٹھیک کرتا ہے لہذا محمد شاہ خان مذکور محرر تہذیب مستقل کیا جاتا ہے اور یہ تینون اشخاص جن تنخواہ مین جس جس کام کے متعلق پا رہے ہین اُسی پر بدستور آئندہ پائین حسب رپورٹ صاحب جج خفیفہ گیندن لال ناظر عدالت خفیفہ سے حسب دستور العمل نظارت تکمیل ضمانت کرا کے جلد بھیجدین۔ لہذا

حکم ہے کہ بصراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون

[illegible] گزٹ ریاست رامپور نمبر ۳   مطبوعہ ۲۲ دسمبر ۱۹۲۱ء [illegible]

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری بابت سال تمام یکم اکتوبر ۱۹۲۰ء لغایت ستمبر ۱۹۲۱ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	مرد: ہندو	عورت: مسلمان	عورت: ہندو	میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل موتی: ایک سال سے ۶ سال تک: مرد	عورت	۶ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	عورت	۱۲ سال سے زیادہ: مرد	عورت	میزان: مرد	عورت	تفصیل مذہب: مسلمان	ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	تپ	متفرق	مارگزیدہ		طاعون	ازخانہ نمبر ۱۹ لغایت خانہ نمبر ۲۵	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۲۶۶	۸۳	۱۸۷	۵۰	۵۸۶	۴۵۳	۱۳۳	۲۱۷	۱۴۴	۵۴	۴۰	۳۶۲	۳۳۱	۶۳۳	۵۱۵	۹۴۲	۲۰۶	۲۰۰	۱۱	۰	۹۳۷	۰	۰	۰	۱۱۴۸	
گنج	۱۶۲	۳۰	۸۷	۱۸	۲۹۷	۲۴۹	۴۸	۱۵۴	۱۳۵	۳۶	۴۲	۳۲۴	۳۰۷	۵۱۴	۴۸۴	۹۱۷	۸۱	۲۷۲	۱۶	۶۰۰	۱۱۰	۰	۰	۰	۹۹۸	
حوالیہ شہر	۷۹	۸۳	۸۴	۷۳	۳۱۹	۱۶۳	۱۵۶	۵۵	۴۳	۱۷	۲۹	۲۱۳	۱۲۸	۲۸۵	۲۰۰	۲۳۶	۲۴۹	۰	۰	۰	۴۸۰	۴	۱	۰	۴۸۵	
عظیم نگر	۱۸۴	۱۵۵	۱۳۹	۱۵۳	۶۳۱	۳۲۳	۳۰۸	۷۶	۵۷	۳۵	۴۲	۲۹۶	۲۰۱	۴۰۷	۳۰۰	۳۷۸	۳۲۹	۰	۰	۰	۷۰۲	۵	۰	۰	۷۰۷	
شاہ آباد	۱۹۴	۶۸۱	۱۵۹	۳۳۰	۱۳۶۴	۴۵۳	۹۱۱	۲۵۹	۲۲۲	۱۰۴	۸۱	۶۸۶	۴۴۵	۱۰۴۹	۷۴۸	۵۷۷	۱۲۲۰	۴۶۵	۵	۰	۱۳۱۹	۸	۰	۰	۱۷۹۷	
پٹوائی	۷۶	۲۹۲	۴۶	۲۳۵	۶۴۹	۱۲۲	۵۲۷	۹۵	۸۹	۳۰	۲۸	۳۳۶	۲۲۱	۴۶۱	۳۳۸	۱۶۵	۶۳۴	۱	۰	۰	۷۸۹	۹	۰	۰	۷۹۹	
ملک	۹۷	۴۲۹	۹۸	۹۰۸	۱۵۳۲	۱۹۵	۱۳۳۷	۲۹۷	۲۷۳	۱۰۹	۸۴	۹۲۳	۹۸۰	۱۳۲۹	۱۰۳۷	۳۵۱	۲۰۱۵	۲۰۱	۰	۰	۲۱۵۰	۱۵	۰	۰	۲۳۶۶	
بلاسپور	۱۲۴	۱۲۸	۱۰۷	۱۰۳	۴۶۲	۲۳۱	۲۳۱	۱۲۳	۶۹	۴۲	۷۸	۲۹۰	۱۹۴	۴۵۵	۳۴۱	۴۱۰	۳۸۶	۰	۰	۰	۷۹۱	۵	۰	۰	۷۹۶	
کیمری	۱۸۱	۳۵۸	۱۳۹	۲۴۹	۹۲۷	۳۲۰	۶۰۷	۱۶۳	۱۴۹	۶۹	۵۴	۶۶۴	۴۷۸	۸۹۶	۶۸۱	۴۷۹	۱۰۹۸	۴۳	۰	۰	۱۵۱۰	۲۴	۰	۰	۱۵۷۷	
سوار	۳۳۰	۱۹۸	۲۷۸	۱۷۴	۹۸۰	۶۰۸	۳۷۲	۱۷۶	۱۷۷	۱۴۰	۱۵۳	۶۸۹	۵۴۵	۱۰۰۵	۸۷۵	۱۲۶۹	۶۱۱	۴۷۳	۱	۱	۱۳۹۲	۱۱	۲	۰	۱۸۸۰	
ٹانڈہ	۲۲۷	۱۵۲	۱۸۱	۱۱۷	۶۷۷	۴۰۸	۲۶۹	۱۹۴	۲۲۹	۴۹	۴۲	۴۵۷	۲۱۵	۷۰۰	۵۰۶	۶۸۶	۵۲۰	۱۶۴	۰	۰	۱۰۲۹	۱۳	۰	۰	۱۲۰۶	
میزان	۱۹۲۰	۲۶۸۹	۱۵۰۵	۲۴۱۰	۸۵۲۴	۳۶۲۵	۴۸۹۹	۱۸۰۹	۱۵۸۷	۷۱۵	۶۷۳	۵۲۴۰	۴۰۴۵	۷۷۳۴	۶۰۲۵	۶۴۱۰	۷۳۴۹	۱۸۱۹	۳۳	۶۰۱	۱۱۲۰۹	۹۴	۲	۱	۱۳۷۵۹	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور